**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2017**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 15 minutes Marks: 45**

April/May Examination 2017

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

2۔ **خصوصی ہدایت:** اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نا کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نا کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نا کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نا لکھیے۔ اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

**حصہ ٔ نثر:**

سوال۔1 (کل 7 نمبر)

(الف) کہانی 'نہ گھر کے نہ گھاٹ کے' سے آپ نے کیا سبق حاصل کیا؟ کسی دو نکات کو بیان کریں اور کہانی کے عنوان کو قواعد کی رو سے کیا کہا جاتا ہے، اس کی بھی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB May Examination 2017

(ب) 'آدمی کسی حالت میں کیوں نہ ہو، علم سے اس کو فائدہ ہی ہوگا۔ اگر مصیبت میں ہے تو علم اس کی ایسی غمگساری کرے گا جو کسی درد مند سے نہ ہو سکے اور اگر خوشی میں ہے تو علم اس خوشی کو پائدار کرے گا۔ آسودگی اور قائم مزاجی اور استغنا اور سیر چشمی جیسی علم سے حاصل ہو تی ہے، نہ دولت سے حاصل ہوتی ہے، نہ حکومت سے۔ واری جایئے پڑھنے کے اور صدقے جایئے کتاب کے۔ فرصت کا مشغلہ، دل بہلاوا، گھر بیٹھے کی سیر، استانی کی استانی اور سہیلی کی سہیلی۔'

درج بالا عبارت کے پس منظر میں علم حاصل کرنے کے دو ایسے فائدے تحریر کیجیے جس نے آپ کی زندگی پر کوئی اثر ڈالا ہو۔ (4 نمبر)

AKU-EB May Examination 2017

**حصۂ نظم:**

سوال۔2

| |
|---|
| نسل اگر مسلم کی مذہب پر مقدم ہو گئی |
| اُڑ گیا دنیا سے تو مانند خاکِ رہ گذر |

(کل 8 نمبر)

(الف) درج بالا شعر میں علمِ بیان کی کون سی اصطلاح موجود ہے؟ نیز اس لفظ کی نشان دہی بھی کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) جوش ملیح آبادی کی نظم 'کسان' کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ان کی نظم نگاری کی کوئی **تین** خصوصیات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB May Examination 2017

(ج)

گو حکم تیرے لاکھوں یاں ٹالتے رہے ہیں
لیکن ٹلا نہ ہرگز دل سے خیال تیرا

درج بالا شعر کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB May Examination 2017

**تبصرہ نگاری:**

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

**کراچی میں مسافر ریل گاڑیوں میں تصادم، 21 ہلاک**


تصادم سے ریل گاڑی کی دو بوگیاں پٹڑی سے اُتر کر الٹ گئیں ۔اطلاعات کے مطابق امدادی کارکنوں کو، زخمیوں کو نکالنے میں دشواری کا سامنا رہا۔

پاکستان میں ریل گاڑی کے حادثات کوئی غیر معمولی واقعات نہیں ہیں اور اکثر ان کی وجہ لائنوں اور سگنل نظام میں خرابی اور عملے کی غفلت بتائی جاتی ہے۔ درج بالا خبر کے پس منظر میں، پاکستان میں آئے دن بڑھتے ہوئے حادثات پر تبصرہ کیجیے۔

AKU-EB May Examination

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)




AKU-EB May Exam

دی گئی تصویر کا مطالعہ کیجیے اور بتائیے کہ ان تمام باتوں کا اثر براہ راست کس پر پڑ رہا ہے؟ نتیجے کی صورت میں **روداد** یا **کہانی** تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ اپنی تحریر کا عنوان تجویز کیجیے۔
2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِّ نظر رکھیے۔
3۔ طنز و مزاح کی خوبی اضافی سمجھی جائے گی۔
4۔ لکھنے کے لیے جس صنف کا انتخاب کریں اُس پر (✓) کا نشان لگائیں۔

**کہانی / روداد**

---

---

---

AKU-EB May Examination 2017

AKU-EB May Examination 2017

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

| |
|---|
| 'پرہیز علاج سے بہتر ہے' کی کہاوت جتنی دوسری بیماریوں کے لیے صحیح ہے، اتنی ہی دانتوں کے لیے بھی ٹھیک ہے۔ پاکستان میں اوسطاً ہر تین میں سے ایک شخص مسوڑھوں کے مسائل میں مبتلا ہے۔ جب کہ دوسرا بڑا مسئلہ دانتوں میں کیڑا لگنا اور ان میں سوراخ ہو جانا ہے اور اس کی سب سے بڑی وجہ دانتوں کا صاف نہ ہونا ہے۔ کھانے پینے کی ہر چیز منہ کے ذریعے ہی جسم میں جاتی ہے۔ منہ کی صفائی نہ کرنے کے سبب لوگ مختلف مسائل کا شکار ہوتے ہیں۔ |

اپنے دوست / سہیلی کے نام خط لکھیے اور اسے بتائیے کہ دانت صحت کے لیے کتنے ضروری ہیں؟ نیز کوئی دو ایسے طریقے بتائیے جس سے دانتوں کی حفاظت باآسانی کی جاسکتی ہو۔

AKU-EB May Examination 2017

AKU-EB May Examination 2017

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB May Examination 2017